| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | موسموں کے نام | دن: | پہلا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ موسموں کی پہچان کرسکیں اور اُن کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** تختہ سفید/سیاہ پر کچھ الفاظ لکھے جائیں گے اور بچوں سے کہا جائے گا کہ اِن کو پڑھیں اور اِن کے توڑ کریں۔ | 5 منٹ | تصاویر/ فلیش کارڈز | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا موسموں کی پہچان کرنے پر اور ان کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم موسموں کے بارے میں جانیں گے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا آپ جانتے ہیں سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟ بچوں کے جوابات کے بعد بچوں کو بتایئے سال میں 4 موسم ہوتے ہیں۔سردی گرمی، بہار،خزاں بچوں سے پوچھیے آج کل کونسا موسم ہے۔اگر سردی کا موسم ہے تو بچوں سے پوچھیں کہ اُن کو سردیاں اچھی لگتی ہیں؟ یا گرمیاں پھر بچوں کو ہر موسم کے بارے میں باری باری بتائیں جیسے سردیوں میں ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں۔گرم مشروب پیتے ہیں تا کہ خود کو گرم رکھ سکیں۔سردیوں میں مالٹے اور خشک میوہ جات کھائے جاتے ہیں۔گرمیوں میں ہم ٹھنڈے اور پتلے کپڑے پہنتے ہیں ٹھنڈے مشروب پیتے ہیں۔گرمیوں میں ہم آم کھاتے ہیں۔بچوں کو بتایئے کہ گرمیاں آنے سے پہلے بہار کا موسم آتا ہے بہار میں ہر طرف پھول ہی پھول ہوتے ہیں۔اور سردیاں آنے سے پہلے خزاں کا موسم آتا ہے۔خزاں کے موسم میں درختوں کے پتے گرتے ہیں۔چاروں موسموں کے نام تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں اور بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ | 10 منٹ | موسموں کے تمام فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں کو چار گروپوں میں تقسیم کیا جائے گا اور ہر بچے کو ایک ایک موسم کے نام کا فلیش کارڈ دیا جائے گا۔اور بچوں کو موسموں کے لحاظ سے تصاویر کے فلیش کارڈز دیئے جائیں گے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ موسم کے لحاظ سے ہونے والی سرگرمیاں تلاش کریں اور اُن کو موسم کے نام کے نیچے رکھیں۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 30 کھولنے کو کہا جائے گا۔اُن سے موسموں کے ناموں کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اُن کو کہا جائے گا کتاب میں موسموں کے نام لکھیں اور موسموں کی تصاویر میں رنگ بھریں۔ | 20 منٹ | موسموں کی سرگرمیوں کے فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر 30 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے تختہ سفید/سیاہ پر موسموں کے نام لکھوائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:** کاپی پر موسموں کے نام لکھیں۔ | | کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ اور جملوں میں ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے موسموں کے نام پوچھے جائیں گے اور تختہ سفید/سیاہ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور جملوں میں ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا جب ہم جملے لکھتے ہیں۔تو کچھ جملوں کے آخر میں ہے اور ہیں آتا ہے۔بچوں کو ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا فلیش کارڈ دکھائیں۔ بچوں کو بتائیے کہ زیادہ چیزوں کے ساتھ ’ہیں‘ کا استعمال کیا جاتا ہے اور ایک چیز کے ساتھ ’ہے‘ کا استعمال کیا جاتا ہے۔مثال کے طور پر کرسی ہے، کرسیاں ہیں، کھڑکی ہے، کھڑکیاں ہیں۔کھلونا ہے۔کھلونے ہیں۔بچوں کو ان مثالوں کی پڑھائی کروائی جائے گی۔تختہ سفید/سیاہ پر ’ہے‘ اور ’ہیں‘ لکھنے کا بتایا جائے گا۔بچوں کو بتائیے کہ پہلے ’ہ‘ کی آدھی شکل بنائیے اور اُس کے ساتھ ’ے‘ لگائیے تو ’ہے‘ بنے گا۔پھر بتائیے کہ پہلے ’ہ‘ کی آدھی شکل بنائیے اور اُس کے ساتھ (یہ) اور (ں) بنا دیں تو ’ہیں‘ بنے گا۔ | 10 منٹ | فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ایک گروپ کو الفاظ کے فلیش کارڈز اور دوسرے گروپ کو ہے اور ہیں کے فلیش کارڈز دیں۔بچوں کو ہدایات دیں کہ جن کے پاس الفاظ کے فلیش کارڈز ہیں وہ ایک فلیش کارڈ اُٹھائیں گے اُس کو پڑھیں گے اور دوسرے گروپ کو دکھائیں گے۔اب دوسرا گروپ فلیش کارڈ کے ذریعے بتائے گا کہ اس کے ساتھ ’ہے‘ آئے گا یا ’ہیں‘ آئے گا۔یہ سرگرمی گروپ کا ہر بچہ باری باری کرے گا۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں ایک طرف الفاظ لکھیں ہوں گے اور بچوں نے دوسری طرف ’ہے‘ اور ’ہیں‘ لکھنا ہوگا۔ | 20 منٹ | الفاظ فلیش کارڈز ’ہے‘ اور ’ہیں‘ فلیش کارڈ | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/سیاہ پر الفاظ لکھے جائیں گے اور بچوں کو کہا جائے گا کہ بتائیے اس کے ساتھ کیا لکھیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ اور جملوں میں ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال کب کرتے ہیں۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایئے آج ہم ہے اور ہیں کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھیں گے۔تختہ سفید/سیاہ پر چند جملے لکھیں۔<br>یہ میرا گھر ہے۔ وہ کیلے ہیں۔ یہ میری گڑیا ہے۔ وہ میرے جوتے ہیں۔<br>بچوں کو کہیے کہ باری باری اونچی آواز میں جملے پڑھیے اور بتایئے کہ کن الفاظ کے ساتھ ہے استعمال ہو رہا ہے اور کن الفاظ کے ساتھ ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ایک گروپ کو ادھورے جملوں کے فلیش کارڈز اور ایک گروپ کو ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کے فلیش کارڈ دیں۔<br>پہلے گروپ کو کہیے کہ وہ فلیش کارڈ اٹھا کر دوسرے گروپ کو دکھائے۔دوسرا گروپ جملہ پڑھے گا اور فلیش کارڈ کے ذریعے بتائے گا کہ اِس جملے کے ساتھ کیا آئے گا۔<br>یہ میری کتابیں ہیں<br>پہلا گروپ دوسرا گروپ<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 31 کھولنے کو کہا جائے گا۔اُن کو ہے اور ہیں۔خوشخط لکھنے کو کہا جائے گا۔اور جملے پڑھائے جائیں گے۔بچوں کو کہا جائے گا کہ جملے پڑھیں اور اُن کو ’ہے‘ اور ’ہیں‘ لگا کر مکمل کیجیے۔<br>**اختتامیہ:** تختہ سفید/سیاہ پر ادھورے جملے لکھیں اور بچوں کو باری باری بلا کر مکمل کروایئے۔<br>**گھر کا کام:** ورک شیٹ/کاپی میں جملے مکمل کریں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | جملے فلیش کارڈز<br>ہے/ہیں<br>فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ نمبر<br>31<br>کاپی ورک<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور جملوں میں ’ہے‘ اور ’ہیں‘ کا استعمال کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی | موضوع: | سبزیوں کے نام | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام کی پہچان کرسکیں۔سبزیوں کے نام پڑھ اورلکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>تختہ سفید/سیاہ پرنامکمل جملے لکھے جائیں گے اور بچوں کو کہا جائے گا جملہ پڑھیں اور آخر میں ہے یا ہیں لکھیں۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سبزیوں کے نام کی پہچان اور سبزیوں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے زبانی گفتگو کیجیے۔سبزیاں کیا ہوتی ہیں؟ کون کون سبزی شوق سے کھاتا ہے؟ بچوں سے انفرادی طور پر اُن کی پسندیدہ سبزی کا نام پوچھیں۔بچوں کومختلف سبزیوں کے فلیش کارڈ دکھایئے اور اُن کے نام پوچھیے۔بچوں کومختلف سبزیوں کے فلیش کارڈ دکھایئے اور اُن کے نام پوچھیے۔فلیش کارڈ تختہ سفید/سیاہ پر چسپاں کریں اور سبزیوں کے ناموں کی بلند خوانی کروائیں۔بچوں سے ساتھ ساتھ سبزیوں کے رنگ بھی پوچھیں۔بچوں کو کہیے کہ کل سب گھر سے ایک ایک سبزی لے کر آئیں گے۔بچوں کو سبزی کے ناموں کا Song سنائیں۔ | 10منٹ | سبزیوں فلیش کارڈز | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>مختلف سبزیوں کے ماسک بنائیں اور بچوں کو پہنائیں۔بچوں کو کہیں باری باری جماعت کے سامنے آئیں۔بچے بتائیں گے یہ کون سی سبزی ہے اور اُس کا نام تختہ سفید/سیاہ پر لکھیں گے۔بچوں کو سبزی کا نام لکھنے میں مدد کیجیے لکھے ہوئے ناموں کی بلند خوانی کروائیں۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 32 کھولنے کو کہا جائے گا۔اور بچوں کو کہا جائے گا کہ سبزی کی تصویر دیکھے اور اُس کا نام لکھیے۔بچوں کی نگرانی کیجیے اور نام لکھنے میں اُن کی رہنمائی کیجیے۔ | 20منٹ | سبزیوں کے ماسک<br>کتاب صفحہ نمبر 32 | |
| | **اختتامیہ:**<br>فلیش کارڈز کے ذریعے سبزیوں کے ناموں کی دہرائی کروائیں۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے.جی | موضوع: | سبزیوں کے نام | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ سبزیوں کے نام کی پہچان کرسکیں سبزیوں کے نام پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>سبزیوں کے ناموں کا چارٹ پیپر دکھائیں اور بلند خوانی کروائیں۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا سبزیوں کے نام کی پہچان اور سبزیوں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو ایک دن پہلے جو سبزیاں لانے کو کہا تھا اُن سے وہ سب اکٹھی کریں اور ایک ٹوکری میں رکھ لیں۔ بچوں سے اُن سبزیوں کے نام اور رنگ باری باری پوچھیں۔ بچوں کو بتایئے کہ سبزیاں کھانے کے بہت فائدے ہوتے ہیں۔ سبزیاں ہمیں صحت مند رکھتی ہیں۔ سبزیوں میں بہت سارے وٹامنز ہوتے ہیں۔ جو ہماری صحت کے لیے ضروری ہوتے ہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ ہم سبزیوں کو مختلف طریقوں سے کھا سکتے ہیں۔ جس طرح کچھ سبزیاں کچی کھائی جاتی ہیں جیسا کھیرا، گاجر، پیاز، بند گوبھی مولی، ٹماٹر اور کچھ سبزیوں کو صرف پکا کہ ہی کھایا جاتا ہے جیسے بھنڈی توری، مٹر، آلو، کریلا، بینگن وغیرہ۔ | 10 منٹ | سبزیاں ٹوکری | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>معلّمہ بچوں سے سبزیوں کے بارے میں پہیلی پوچھے گی اور بچے اپنے اپنے mini white board پر اس کا نام لکھیں گے۔ مثال کے طور پر میں کون کی شکل کی ہوں۔ میرا رنگ سرخ ہے۔ میں سردیوں میں آتی ہوں (گاجر) میں گول اور بیضوی شکل کا ہوں میرا رنگ بھورا ہے آپ میرے چپس بنا کے کھاتے ہیں۔ (آلو) اسی طرح تمام سبزیوں کے بارے میں پہیلی پوچھیں اور دیکھیں کہ بچوں نے بورڈ پر اُس کا کیا نام لکھا ہے۔ بچوں کو کاپیاں کھولنے کو کہا جائے گا کہ کوئی سی پانچ سبزیوں کے نام کاپی میں لکھیں اور اُن کی تصاویر بنا کر رنگ کریں۔ | 20 منٹ | mini white board marker<br>کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سفید/سیاہ پر سبزیوں کے نام لکھوا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:** دس سبزیوں کے نام کاپی پر لکھیں۔ | 5 منٹ | کاپی ورک | |